- امام احمد رضا کے خلفا، تلامذہ اور مریدین کی تفسیری خدمات
- محدث اعظم پاکستان کے تلامذہ کی تفسیری خدمات
- قرآن پاک کی دو دو تفاسیر لکھنے والے سنی مفسرین اور مفسرہ
- فرزندان نعیمیہ کی تفسیری خدمات
- علماے گھوسی کی تفسیری خدمات
- برصغیر کے علماے اہل سنت کے تراجم قرآن اور تفاسیر قرآن

: محمد سلیم انصاری ادروی

من جانب : اقرألائبریری ادری ضلع مئو (الہند)

امام احمد رضا کے خلفا، تلامذہ اور مریدین کی تفسیری خدمات

صاحب کنز الایمان امام احمد رضا خان علیہ الرحمۃ والرضوان جو خود ایک عظیم مفسر اور مترجم قرآن ہیں، وہیں آپ کے خلفا، تلامذہ اور مریدین کی فہرست میں ایک سے بڑھ کر ایک مفسرین قرآن وراج مان ہیں۔ کوئی صاحب تفسیر ازہری ہے تو کوئی صاحب خزائن العرفان ہے، کوئی صاحب تفسیر اشرفی ہے تو کوئی صاحب تنویر القرآن ہے، کوئی صاحب تفسیر الحسنات ہے تو کوئی صاحب تفسیر میزان الادیان ہے اور کوئی صاحب جوہر الایقان۔ انہیں مذکورہ تفاسیر قرآن کا مختصر تعارف نیچے ملاحظہ فرمائیں:

خزائن العرفان: اس کے مصنف علامہ سید نعیم الدین مرادآبادی علیہ الرحمہ ہیں۔ آپ نے امام احمد رضا خان کے ترجمۂ قرآن "کنز الایمان" پر "خزائن العرفان" کے نام سے ایک مکمل تفسیر لکھی جو نہ زیادہ مختصر ہے اور نہ ہی زیادہ طویل، بلکہ یہ تفسیر کنز الایمان کے ساتھ ایک ہی جلد میں شائع ہو جاتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ کنز الایمان کے ساتھ سب سے زیادہ اسی تفسیر کو شائع ہونے کا اعزاز حاصل ہے۔

تفسیر میزان الادیان: اس کے مصنف علامہ سید دیدار علی شاہ محدث الوری علیہ الرحمہ ہیں۔ یہ تفسیر تقابل ادیان پر بڑی مبسوط بحث پر

مشتمل ہے۔ جو کہ مقدمہ اور تفسیر سورۂ فاتحہ ہے۔ یہ تفسیر دو جلدوں میں مکتبہ اعلیٰ حضرت لاہور سے شائع ہوئی۔ (پاک وہند کے مفسرین اہلسنت اور ان کی تفسیریں/ص: ۱۲)

تفسیر اشرفی: اس کے مصنف علامہ سید محمد محدث کچھوچھوی علیہ الرحمہ ہیں۔ آپ نے "معارف القرآن" کے نام سے قرآن پاک کا اردو ترجمہ کیا، عمر کے آخری حصے میں "سید التفاسیر المعروف بہ تفسیر اشرفی" کے نام سے تفسیر لکھنے کا آغاز کیا۔ تقریبا تین پاروں کی تفسیر مکمل کرنے کے بعد آپ داعئ اجل کو لبیک کہہ گئے۔ اس تفسیر کو آپ کے فرزند وجانشین علامہ سید محمد مدنی میاں کچھوچھوی حفظہ اللہ نے مکمل کیا، جو ضیاء القرآن پبلی کیشنز لاہور سے سنہ ۲۰۱۲ء میں دس جلدوں میں شائع ہوئی۔ (تذکرۃ المفسرین/ص: ۱۱، پاک وہند کے مفسرین اہلسنت اور ان کی تفسیریں/ص: ۲۰)

تفسیر الحسنات: اس کے مصنف ابو الحسنات سید احمد قادری علیہ الرحمہ ہیں۔ یہ تفسیر سات جلدوں میں شائع ہوتی ہے۔ چھبیس پارے میں سورہ ق تک تفسیر آپ نے خود فرمائی اور باقی چار پاروں کی تفسیر آپ کے صاحب زادے مولانا محمد خلیل صاحب کے ہاتھوں مکمل ہوئی۔ (ششماہی التفسیر کراچی/جنوری تا جون ۲۰۲۰ء/ص: ٦٨)

تفسیر رضوی: اس کے مصنف مولانا حشمت علی رضوی بریلوی علیہ الرحمہ ہیں۔ آپ نے اپنی عمر کے آخری دور میں یہ تفسیر تصنیف فرمائی۔

اس تفسیر کا اصل نام "جوہر الایقان فی توضیح کنز الایمان" ہے، جسے امام احمد رضا اکیڈمی بریلی شریف نے امام احمد رضا کے ۱۰۰ ویں عرس کے موقع پر "جوہر الایقان المعروف بہ تفسیر رضوی" کے نام سے چار جلدوں میں شائع کیا۔ (تفسیر رضوی/ج: ۱، ص: ۱۰-۱۱)

تفسیر ازہری: اس کے مصنف علامہ عبد المصطفیٰ اعظمی ازہری علیہ الرحمہ ہیں۔ یہ تفسیر پانچ جز میں مکتبہ رضویہ آرام باغ کراچی سے طبع ہوئی۔ سہ ماہی امجدیہ گھوسی (مئو) میں بھی یہ تفسیر قسط وار شائع ہوئی۔ جس کی متعدد قسطیں راقم الحروف کی نظروں سے گزری ہیں۔ (انوار علمائے اہلسنت سندھ/ص: ۱۰۵۳)

تنویر القرآن: اس کے مصنف مولانا مفتی اعجاز ولی خاں بریلوی ابن مولانا سردار ولی خاں ابن مولانا ہادی علی خاں ابن مولانا مفتی رضا علی خاں بریلوی (جد امجد امام احمد رضا خاں محدث بریلوی) علیہم الرحمہ ہیں۔ تنویر القرآن کا دوسرا نام "تفسیر قرآن بر حاشیہ کنزالایمان" ہے۔ غالبا یہ تفسیر غیر مطبوعہ ہے۔ (تذکرہ اکابر اہلسنت [پاکستان]/ص: ٦٣-٦٥)

محدث اعظم پاکستان کے تلامذہ کی تفسیری خدمات

علامہ سردار احمد قادری چشتی گورداس پوری علیہ الرحمہ بریلی شریف کے دونوں مرکزی جامعات (جامعہ منظر اسلام اور جامعہ مظہر اسلام) میں منصب شیخ الحدیث پر فائز ہو کر ایک طویل عرصے تک درس حدیث دیتے رہے۔ جامعہ مظہر اسلام بریلی اور جامعہ مظہر اسلام فیصل آباد آپ ہی نے قائم کیا، نیز جامعہ مظہر اسلام فیصل آباد میں آپ نے تاحیات درس حدیث دیا۔ اور عالم اسلام میں "شیخ الحدیث" اور "محدث اعظم پاکستان" کے لقب سے مشہور ہوئے۔ صحاح ستہ پر حواشی لکھنے کے علاوہ آپ نے کئی درجن کتب بھی تصنیف فرمائیں۔ آپ کے تلامذہ کی تعداد ہزاروں میں ہے، جن میں بانیین مدارس اسلامیہ، شیوخ التفسیر، شیوخ الحدیث، مفسرین، محدثین، مصنفین اور فقہا کی ایک بڑی تعداد بھی شامل ہے۔ اگر صرف آپ کے ایسے شاگردوں کی بات کی جائے، جنہوں نے ترجمہ وتفسیر قرآن کے حوالے سے تصنیفی کام کیا تو اس فہرست میں آپ کے تلامذہ کی اچھی خاصی تعداد نظر آتی ہے، جن تلامذہ کے نام مجھے معلوم ہیں، ان کے اس باب میں کام درج ذیل ہیں:

علامہ فیض احمد اویسی محدث بہاول پوری علیہ الرحمہ: آپ نے دس جلدوں پر مشتمل عربی زبان میں قرآن پاک کی تفسیر "فضل المنان فی تفسیر آیات القرآن" تصنیف فرمائی۔ علاوہ ازیں آپ نے اردو زبان میں بھی ۱۵ جلدوں میں "تفسیر اویسی" کے نام سے ایک تفسیر لکھی ہے۔

دس جلدوں میں "فیض الرسول فی اسباب النزول" اور ۳ حصوں پر مشتمل "تفسیر بالرائے" بھی آپ ہی کی لکھیں تفاسیر ہیں۔ نیز "فیض القرآن فی ترجمة القرآن" کے نام سے آپ نے قرآن شریف کا اردو زبان میں ترجمہ کیا اور "تفسیر روح البیان" کا بھی "فیوض الرحمن" کے نام سے پندرہ جلدوں میں اردو زبان میں ترجمہ کیا۔ "فضل المنان" اور "فیوض الرحمن" کو چھوڑ کر بقیہ مذکورہ بالا تصانیف غالبا غیر مطبوعہ ہیں۔

علامہ غلام رسول رضوی محدث امرت سری علیہ الرحمہ: "تفہیم البخاری" (مطبوعہ) مکمل کرنے کے بعد آپ نے "تفہیم القرآن" کے نام سے قرآن پاک کی تفسیر لکھنی شروع کی۔ مارچ سنہ ۱۹۹۶ء میں آپ پچیس پاروں کی تفسیر مکمل کر چکے تھے، یہ تفسیر مکمل ہوئی یا نہیں راقم الحروف کو اس کا علم نہیں۔ (تذکرۃ المفسرین/ص: ۱۵)

مفتی ریاض الدین قادری چشتی سہروردی نقش بندی علیہ الرحمہ: آپ نے قرآن پاک کی ایک مفصل تفسیر "تفسیر ریاض القرآن" لکھی جو شائع ہو چکی ہے۔ تفسیر ریاض القرآن کا مقدمہ "مفتاح القرآن" کے نام سے شائع ہوا۔ اس کے علاوہ آپ نے ایک مختصر تفسیر "تفسیر ریاض العرفان" تصنیف فرمائی، جو فی الحال غیر مطبوعہ ہے۔ (تذکرۃ المفسرین/ص: ۲۵)

علامہ عبد المصطفیٰ اعظمی ازہری علیہ الرحمہ: آپ نے "تفسیر ازہری" کے نام سے پانچ جز میں تفسیر لکھی، جو مکتبہ رضویہ آرام باغ کراچی سے طبع ہوئی۔ سہ ماہی امجدیہ گھوسی (مئو) میں بھی یہ تفسیر قسط وار

شائع ہوئی۔ جس کی متعدد قسطیں راقم الحروف کی نظروں سے گزری ہیں۔ (انوار علمائے اہلسنت سندھ/ص: ۱۰۵۳)

علامہ عبد الحکیم شرف قادری علیہ الرحمہ: آپ نے "انوار الفرقان" کے نام سے قرآن پاک کا اردو ترجمہ کیا، جو مکتبہ قادریہ داتا گنج بخش روڈ لاہور سے شائع ہوا۔

مفتی جلال الدین احمد قادری علیہ الرحمہ: آپ نے ٦ جلدوں میں قرآن پاک کی اردو تفسیر "احکام القرآن" تصنیف فرمائی، جو ضیاء القرآن پبلی کیشنز لاہور سے شائع ہوئی۔

مفتی شریف الحق امجدی اعظمی علیہ الرحمہ: آپ ماہ نامہ اشرفیہ مبارک پور (اعظم گڑھ) میں "تفسیر القرآن" کے عنوان سے تفسیر لکھتے تھے۔ ماہ نامہ اشرفیہ ستمبر سنہ ۱۹۷۹ء اور ماہ نامہ اشرفیہ نومبر سنہ ۱۹۷۹ء کی کاپیاں اقرأ لائبریری ادری (مئو) میں موجود ہیں، جن میں "تفسیر القرآن" کی قسطیں موجود ہیں۔

پروفیسر ڈاکٹر طاہر القادری: آپ نے "عرفان القرآن" (مطبوعہ) کے نام سے قرآن پاک کا اردو اور انگریزی زبان میں ترجمہ کیا۔ کچھ دن پہلے ہی آپ نے قرآن پاک کی ۲۰ جلدوں میں مفصل عربی تفسیر اور ۸ جلدوں میں مختصر عربی تفسیر مکمل کیں۔ ۸ جلدوں پر مشتمل "قرآنی انسائیلوپیڈیا"، "تفسیر منہاج القرآن" (اردو)، "تفسیر بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ"، "شان اولیت سورۃ فاتحہ" بھی آپ کی لکھیں مطبوعہ کتب ہیں۔

قرآن پاک کی دو دو تفاسیر لکھنے والے سنی مفسرین اور مفسرہ

سواد اعظم اہل سنت وجماعت کو ایک یہ بھی اعزاز حاصل ہے کہ برصغیر میں قرآن پاک کی دو دو تفاسیر لکھنے والے سب سے زیادہ مفسرین اور مفسرہ اسی جماعت سے تعلق رکھتی ہیں۔ نیچے نصف درجن سے زائد ایسے مفسرین اور مفسرہ کے نام اور ان کی تفاسیر کے نام پیش کیے جا رہے ہیں، جنہوں نے دو یا دو سے زائد تفاسیر لکھیں:

مفتی احمد یار خان نعیمی بدایونی علیہ الرحمہ: آپ نے علامہ سید نعیم الدین مرادآبادی علیہ الرحمہ کے تفسیری حاشیہ "خزائن العرفان" کی طرح امام احمد رضا محدث بریلوی علیہ الرحمہ کے ترجمۂ قرآن "کنزالایمان" پر تفسیری حاشیہ "نور العرفان" لکھا۔ جب کہ "تفسیر نعیمی" کے نام سے قرآن پاک کی مفصل تفسیر لکھی۔ یہ نامکمل تفسیر ۱۹ جلدوں میں شائع ہوتی ہے، جو آپ اور آپ کے فرزند مفتی اقتدار احمد خان نعیمی علیہ الرحمہ کی مشترکہ کاوش ہے۔

علامہ فیض احمد اویسی محدث بہاول پوری علیہ الرحمہ: آپ نے دس جلدوں پر مشتمل عربی زبان میں قرآن پاک کی تفسیر "فضل المنان فی تفسیر آیات القرآن" تصنیف فرمائی۔ علاوہ ازیں آپ نے اردو زبان میں بھی ۱۵ جلدوں میں "تفسیر اویسی" کے نام سے ایک تفسیر لکھی ہے۔

دس جلدوں میں "فیض الرسول فی اسباب النزول" اور ۳ حصوں پر مشتمل "تفسیر بالرائے" بھی آپ ہی کی لکھیں تفاسیر ہیں۔ نیز "فیض القرآن فی ترجمۃ القرآن" کے نام سے آپ نے قرآن شریف کا اردو زبان میں ترجمہ کیا اور "تفسیر روح البیان"کا بھی "فیوض الرحمن" کے نام سے پندرہ جلدوں میں اردو زبان میں ترجمہ کیا۔

علامہ غلام رسول سعیدی علیہ الرحمہ: آپ نے ۱۲ جلدوں میں قرآن پاک کی تفسیر "تبیان القرآن" لکھی۔ تبیان القرآن کی تکمیل کے بعد منحرفین، ملحدین اور منکرین حدیث وغیرہ کے نظریات کے حاملین کا رد کرنے کے لیے آپ نے "تفسیر تبیان الفرقان" تصنیف فرمائی۔ اس کی چار جلدیں آپ کی زندگی ہی میں شائع ہو چکی تھیں، جب کہ پانچویں جلد زیر تصنیف تھی۔

مفتی ریاض الدین قادری چشتی سہروردی نقش بندی علیہ الرحمہ: آپ نے قرآن پاک کی ایک مفصل تفسیر "تفسیر ریاض القرآن" اور ایک مختصر تفسیر "تفسیر ریاض العرفان" تصنیف فرمائی۔

سیدہ رقیہ محمود کاظمیہ قادریہ علیہا الرحمہ: آپ نے قرآن پاک کی تفسیر "تفسیر رقیہ" تصنیف فرمائی۔ آپ کے متعلق راقم نے پڑھا ہے کہ آپ نے قرآن پاک کی چار تفسیریں لکھیں۔ غالبا "تفسیر قرآن فی تشعیر العرفان" تفسیر رقیہ ہی کا عرفی نام ہے یا پھر آپ ہی کی لکھی ہوئی کوئی دوسری یا منظوم تفسیر ہے۔

مولانا محمد عبید اللہ النہرکاریزی حفظہ اللہ: آپ نے علوم قرآن وتفسیر کے باب میں نصف درجن سے زائد کتب تصنیف فرمائیں۔ جن کے نام یہ ہیں: نقیب التفاسیر (۱۴ جلدیں، مطبوعہ)، تفسیر الاعظمین (۴ جلدیں، مطبوعہ)، تفسیر نقیبی (۲ جلدیں)، تفسیر سورۃ الفاتحہ، نور التفاسیر، نور الایمان من ضیاء القرآن، السند العظیم للقرآن الکریم، احکام الرحمن۔

مفتی ضیاء احمد قادری نقش بندی حفظہ اللہ: آپ نے "تفسیر ناموس رسالت" کے نام سے ۵ جلدوں میں اور "تفسیر ناموس صحابہ" کے نام سے ۴ جلدوں میں قرآن پاک کی تفسیر تصنیف فرمائی ہے۔

فرزندان نعیمیہ کی تفسیری خدمات

جامعہ نعیمیہ مرادآباد (تاریخی نام: مدرسہ انجمن اہل سنت وجماعت مرادآباد، قیام: سنہ ۱۳۲۹ء) کے بانی علامہ سید نعیم الدین مرادآبادی علیہ الرحمہ (خلیفۂ امام احمد رضا محدث بریلوی علیہ الرحمہ) جو خود ایک عظیم مفسر اور "خزائن العرفان علی حاشیہ کنزالایمان" جیسے مشہور و معروف تفسیری حاشیہ کے مصنف ہیں، وہیں آپ کے تلامذہ کی فہرست میں مفتی احمد یار خان نعیمی، علامہ ابوالحسنات سید احمد قادری ابن سید دیدار علی شاہ محدث الوری صاحب تفسیر میزان الادیان، علامہ غلام معین الدین نعیمی اور علامہ جسٹس پیر کرم شاہ ازہری علیہم الرحمہ جیسے بلند پایہ مفسرین موجود ہیں۔ نیچے انہیں شاگردوں کی تفاسیر کا مختصر تعارف ملاحظہ فرمائیے۔

نعیم البیان فی تفسیر القرآن: بعض حضرات اسے علامہ نعیم الدین مرادآبادی کی تفسیر سمجھتے ہیں، ان بعض لوگوں میں کچھ دن پہلے تک میں بھی شامل تھا۔ جب کہ در حقیقت یہ علامہ نعیم الدین مرادآبادی کی نہیں بلکہ ان کے شاگرد علامہ سید غلام معین الدین نعیمی کی لکھی تفسیر ہے۔ اس تفسیر کا تعارف کراتے ہوئے اس کے مصنف خود تحریر فرماتے ہیں:

"اس تفسیر میں پہلے پارہ کے پانچ رکوع تک بجنسہ وہ تفسیر ہے، جسے سیدی صدر الافاضل استاذ العلماء مولانا مفتی حکیم.....سید محمد

نعیم الدین صاحب قدس سرہ نے اپنی تحریر کردہ تفسیر "خزائن العرفان" سے پہلے طویل تفسیر رقم فرمائی تھی۔ پھر اس کے بعد اسے چھوڑ کر اعلیٰ حضرت قدس سرہ کے ترجمہ مبارکۂ "کنزالایمان فی ترجمۃ القرآن" کے حاشیہ پر تفسیر "خزائن العرفان" مکمل فرمائی۔ جہاں تک سیدی قدس سرہ کی طویل تفسیر میسر آ سکی بجنسہ اسے نقل کرکے اس کے بعد تفسیر "خزائن العرفان" نقل کی گئی ہے۔ اس کے ساتھ ہی دیگر تفاسیر میں سے خازن، مدارک، تفسیر رازی، تفسیر مظہری، تفسیر عزیزی، تفسیر ابن کثیر.............سے استفادہ کیا گیا۔ اس وقت پہلا پارہ مکمل ہو کر پیش خدمت کیا جا رہا ہے۔" (نعیم البیان فی تفسیر القرآن/ص: ۲)

تفسیر الحسنات: اس کے مفسر ابو الحسنات سید احمد قادری ہیں۔ یہ تفسیر سات جلدوں میں شائع ہوتی ہے۔ چھبیس پارے میں سورہ ق تک تفسیر آپ نے خود فرمائی اور باقی چار پاروں کی تفسیر آپ کے صاحب زادے مولانا محمد خلیل کے ہاتھوں مکمل ہوئی۔ (ششماہی التفسیر کراچی/جنوری تا جون ۲۰۲۰ء/ص: ٦٨)

نور العرفان: مفتی احمد یار خان نعیمی بدایونی نے اپنے استاذ علامہ سید نعیم الدین مرادآبادی کے تفسیری حاشیہ "خزائن العرفان" کی طرح امام احمد رضا محدث بریلوی کے ترجمۂ قرآن "کنزالایمان" پر "نور العرفان" کے نام سے تفسیری حاشیہ لکھا۔ (تذکرۃ المفسرین/ص: ۱۱)

تفسیر نعیمی: اس کے مفسر بھی مفتی احمد یار خان نعیمی ہی ہیں۔ اس تفسیر کا تاریخی نام "اشرف التفاسیر" ہے۔ یہ نامکمل تفسیر ۱۹ جلدوں میں شائع ہوتی ہے، جو آپ اور آپ کے فرزند مفتی اقتدار احمد خان نعیمی کی مشترکہ کاوش ہے۔ (تذکرۃ المفسرین/ص: ۱۲)

تفسیر ضیاء القرآن: علامہ جسٹس پیر کرم شاہ ازہری نے سنہ ۱۹۷۰ء کے عشرے سے ذرا پہلے یا اس کے شروع میں اس تفسیر کا آغاز کیا۔ یہ تفسیر ۱۹ سال کی مسلسل شب و روز سعی سے مکمل ہوئی۔ یہ تفسیر ۳۵۰۰ صفحات اور ۵ جلدوں پر مشتمل ہے۔ (تفسیر قرآن "ضیاء القرآن" پر ایک نظر)

علمائے گھوسی کی تفسیری خدمات

مدینۃ العلماء قصبہ گھوسی ضلع مئو (ہند) کے علما نے حدیث اور فقہ کے علاوہ تفسیر کے میدان میں بھی گراں قدر خدمات انجام دی ہیں، سرزمین گھوسی کی زرخیز زمین نے جہاں ایک طرف حافظ اور حافظہ، عالم اور عالمہ، مفتی اور مفتیہ، فقیہ اور فقیہا، محدث اور محدثہ یہاں تک کہ مجدد تک پیدا کیے وہیں اچھی خاصی تعداد میں امت کو مفسرین بھی دیے۔

یہ وہی قصبہ ہے جس نے شیخ غلام نقش بند گھوسوی ثم لکھنوی علیہ الرحمہ جیسا مفسر قرآن اور استاذ الاساتذہ پیدا کیا، جنہیں بعض لوگ مجدد بھی کہتے ہیں۔ جن کے شاگردوں میں بانئ درس نظامی ملا نظام الدین سہالوی علیہ الرحمہ وغیرہ جیسے جلیل القدر علما موجود ہیں، تفسیر انوار القرآن، تفسیر سورۂ اعراف، تفسیر سورۂ مریم، تفسیر سورۂ طہٰ، تفسیر سورۂ یوسف، تفسیر سورۂ رحمن، تفسیر سورۂ عم، تفسیر سورۂ کوثر، تفسیر سورۂ اخلاص، تفسیر سورۂ الفرقان آپ کی لکھیں یادگار تفاسیر ہیں۔

شہزادۂ صدرالشریعہ علامہ عبد المصطفیٰ اعظمی ازہری ثم کراچوی علیہ الرحمہ جیسے عظیم شیخ التفسیر کا آبائی وطن قصبہ گھوسی ہی ہے۔ جنہوں نے "تفسیر ازہری" کے نام سے پانچ جز میں تفسیر لکھی، مولانا ارشاد حسین مجددی محدث رام پوری علیہ الرحمہ کے شاگرد

وخلیفہ مولانا سلامت اللہ اعظمی ثم رام پوری علیہ الرحمہ بھی اسی علاقے سے تعلق رکھتے تھے، جنہوں نے "تفسیر قرآن پاک" تصنیف فرمائی۔

علاوہ ازیں مولانا قاری عثمان اعظمی علیہ الرحمہ بھی یہیں کے تھے، جنہوں نے سورۂ فاتحہ کی تفسیر لکھی، جب کہ شارح بخاری مفتی شریف الحق امجدی اعظمی علیہ الرحمہ ماہ نامہ اشرفیہ مبارک پور (ضلع اعظم گڑھ) میں قسط وار تفسیر لکھتے تھے، جس کی دو قسطیں مذکورہ ماہ نامے کی قدیم فائلوں میں راقم الحروف کو دیکھنے کو ملیں۔

برصغیر کے علمائے اہل سنت کے تراجم قرآن اور تفاسیر قرآن

تراجم قرآن:

- اشرف البیان (فارسی) : مخدوم اشرف جہاں گیر سمنانی ثم کچھوچھوی علیہ الرحمہ

۱۔ اردو ترجمہ : مولانا سید محمد ممتاز اشرفی حفظہ اللہ

- فتح الرحمن (فارسی) : امام شاہ ولی اللہ محدث دہلوی نقش بندی علیہ الرحمہ

۱۔ اردو ترجمہ : مفتی مظہر اللہ دہلوی نقش بندی علیہ الرحمہ

- راز معرفت علی ترجمۂ قرآن شریف (فارسی) : علامہ لطف اللہ مخدوم نوح علیہ الرحمہ
- تفسیر فاضلین (سندھی) : مولانا سید محمد فاضل شاہ کاظمی علیہ الرحمہ
- ترجمۃ القرآن (اردو) : علامہ شاہ رفیع الدین محدث دہلوی علیہ الرحمہ
- موضح قرآن (اردو) : علامہ شاہ عبد القادر محدث دہلوی علیہ الرحمہ

- کنز الایمان (اردو) : امام احمد رضا محدث بریلوی علیہ الرحمہ

۱۔ اس کا انگریزی، سندھی، ہندی، کریول، گجراتی، بنگلہ، پشتو، ڈچ، ترکی، سرائیکی، چترالی زبانوں میں ترجمہ ہو چکا ہے۔

- تفسیر حقانی (اردو) : علامہ عبد الحق حقانی دہلوی علیہ الرحمہ
- معارف القرآن : علامہ سید محمد محدث کچھوچھوی علیہ الرحمہ
- البیان : علامہ سید احمد سعید کاظمی علیہ الرحمہ
- انوار الفرقان (اردو) : علامہ عبد الحکیم شرف قادری علیہ الرحمہ
- جمال القرآن (اردو) : علامہ پیر کرم شاہ ازہری علیہ الرحمہ
- فیض القرآن (اردو) : علامہ فیض احمد اویسی محدث بہاول پوری علیہ الرحمہ
- فیوض القرآن (اردو) : ڈاکٹر سید حامد حسن بلگرامی علیہ الرحمہ
- نور القرآن (اردو) : علامہ غلام رسول سعیدی علیہ الرحمہ
- نور الفرقان (اردو) : علامہ غلام رسول سعیدی علیہ الرحمہ
- عمدۃ البیان (اردو) : مفتی غلام سرور قادری علیہ الرحمہ
- کنز العرفان (اردو) : مفتی محمد قاسم عطاری حفظہ اللہ

- تنویر القرآن (اردو) : مولانا کیف الحسن قادری حفظہ اللہ

تفاسیر قرآن:-

اردو تفاسیر:

- تفسیر رؤفی : حضرت شاہ رؤف احمد رافت مجددی علیہ الرحمہ
- موضح قرآن : علامہ شاہ عبد القادر محدث دہلوی علیہ الرحمہ
- تفسیر حقانی : علامہ عبد الحق حقانی دہلوی علیہ الرحمہ
- تفسیر سورۂ الم نشرح : مولانا مفتی نقی علی خان بریلوی علیہ الرحمہ
- خزائن العرفان : علامہ سید نعیم الدین مفسر مرادآبادی علیہ الرحمہ
- نعیم البیان فی تفسیر القرآن :مفتی غلام معین الدین نعیمی علیہ الرحمہ
- تفسیر اشرفی : علامہ سید محمد محدث کچھوچھوی علیہ الرحمہ + علامہ سید محمد مدنی اشرفی جیلانی حفظہ اللہ
- نور العرفان : مفتی احمد یار خان نعیمی محدث بدایونی علیہ الرحمہ
- تفسیر نعیمی : مفتی احمد یار خان نعیمی محدث بدایونی علیہ الرحمہ + مفتی اقتدار احمد خان نعیمی علیہ الرحمہ
- تبیان القرآن : علامہ غلام رسول سعیدی علیہ الرحمہ

- تفسیر تبیان الفرقان : علامہ غلام رسول سعیدی علیہ الرحمہ
- تفسیر اویسی : علامہ فیض احمد اویسی محدث بہاول پوری علیہ الرحمہ
- فیض الرسول فی اسباب النزول : علامہ فیض احمد اویسی محدث بہاول پوری علیہ الرحمہ
- تفسیر بالرائے : علامہ فیض احمد اویسی محدث بہاول پوری علیہ الرحمہ
- تفہیم القرآن : علامہ غلام رسول رضوی محدث امرت سری علیہ الرحمہ
- تفسیر رضوی : مولانا حشمت علی رضوی بریلوی علیہ الرحمہ
- احکام القرآن : مفتی جلال الدین احمد قادری علیہ الرحمہ
- تفسیر فاضلی : حضرت فضل شاہ قطب عالم علیہ الرحمہ
- التبیان : علامہ سید احمد سعید کاظمی علیہ الرحمہ
- ضیاء القرآن : علامہ پیر کرم شاہ ازہری علیہ الرحمہ
- جمال الایمان : علامہ سید محمد ذاکر شاہ علیہ الرحمہ
- تفسیر نور القرآن : علامہ ابو النصر منظور احمد شاہ علیہ الرحمہ
- نجوم الفرقان : علامہ عبد الرزاق بھترالوی علیہ الرحمہ
- فیوض القرآن : ڈاکٹر سید حامد حسن بلگرامی علیہ الرحمہ

- تفسیر مظہر القرآن : مفتی مظہر اللہ دہلوی نقش بندی علیہ الرحمہ
- تفسیر ریاض القرآن : مفتی ابو النصر محمد ریاض الدین قادری چشتی نقش بندی سہروردی علیہ الرحمہ
- تفسیر ریاض العرفان : مفتی ابو النصر محمد ریاض الدین قادری چشتی نقش بندی سہروردی علیہ الرحمہ
- تفسیر قرآن مجید : مولانا سلامت اللہ اعظمی ثم رام پوری علیہ الرحمہ
- تفسیر صدیقی : مولانا عبد القدیر صدیقی قادری حیدر آبادی علیہ الرحمہ
- تفسیر میزان الادیان : سید دیدار علی شاہ محدث الوری علیہ الرحمہ
- تفسیر خلیقی : مفتی محمد یار خلیق فاروقی علیہ الرحمہ
- تفسیر الحسنات : علامہ سید ابو الحسنات قادری علیہ الرحمہ
- تنویر القرآن : مفتی اعجاز ولی خان رضوی بریلوی علیہ الرحمہ
- تفسیر قرآن مجید : مولانا قاری احمد پیلی بھیتی علیہ الرحمہ
- خلاصۃ التفاسیر : مفتی محمد خلیل خان برکاتی محدث علی گڑھی علیہ الرحمہ

- تفسیر قرآن مجید : میاں عبد الرشید شہید علیہ الرحمہ
- تفسیر حقانی : حضرت سید شاہ حقانی مارہروی علیہ الرحمہ
- کشف القلوب المعروف بہ تفسیر قادری : مولانا سید محمد عمر حسینی قادری علیہ الرحمہ
- تفسیر تنزیل : سید بابا قادری حیدر آبادی علیہ الرحمہ
- التبیان : علامہ سید احمد سعید کاظمی علیہ الرحمہ
- تفسیر ازہری : علامہ عبد المصطفیٰ اعظمی ازہری علیہ الرحمہ
- سورۂ فاتحہ اور سورۂ والضحیٰ تا سورۂ الناس کی تفسیر : علامہ سید تراب الحق قادری فاروقی علیہ الرحمہ
- تفسیر ام القرآن : علامہ ارشد القادری بلیاوی علیہ الرحمہ
- تفسیر طیبات بینات : بی بی رقیہ بنت عبد الحق خیرآبادی علیہا الرحمہ
- تفسیر رقیہ : سیدہ رقیہ محمود کاظمیہ قادریہ علیہا الرحمہ
- برھان القرآن : علامہ محمد قاری طیب نقش بندی حفظہ اللہ
- تفسیر اظہار العرفان : مولانا سید محمد ممتاز اشرفی حفظہ اللہ
- امداد الکرم : علامہ محمد امداد حسین پیر زادہ حفظہ اللہ

- تفسیر کشف الاسرار بفضل النبی المختار : مفتی محمد مختار احمد دُرّانی محدث خان پوری حفظہ اللہ
- ترجمہ افضلیہ وتفسیرات افضلیہ : پیر محمد افضل قادری حفظہ اللہ
- صراط الجنان : مفتی محمد قاسم عطاری حفظہ اللہ
- تفسیر ناموس رسالت : مفتی ضیاء احمد قادری نقش بندی حفظہ اللہ
- تفسیر ناموس صحابہ : مفتی ضیاء احمد قادری نقش بندی حفظہ اللہ

عربی تفاسیر:

- تفسیر غرائب القرآن : شیخ نظام الدین حسن بن محمد نیشاپوری علیہ الرحمہ
- تبصیر الرحمن : شیخ علاء الدین علی بن احمد مہائمی شافعی علیہ الرحمہ
- قرآن القرآن : حضرت شاہ کلیم اللہ شاہ جہاں آبادی علیہ الرحمہ
- السلسبیل فی تفسیر التنزیل : علامہ عبد العزیز پرہاروی علیہ الرحمہ
- تفسیر قرآن : مفتی محمد باقر لاہوری علیہ الرحمہ
- تفسیر انوری : شیخ حاجی عبد الوہاب بخاری علیہ الرحمہ

- کاشف الحقائق و قاموس الدقائق : مولانا شیخ احمد بن محمد تھانسیری علیہ الرحمہ
- تفسیر عزیزی : مولانا قاضی عزیز اللہ مٹیاروی علیہ الرحمہ
- تفسیرات احمدیہ : ملا احمد جیون امیٹھوی علیہ الرحمہ
- لغات القرآن : خواجہ محمد حسن جان فاروقی مجددی علیہ الرحمہ
- تفسیر ملتقط : سید محمد بن یوسف حسینی گیسودراز علیہ الرحمہ
- انوار الاسرار فی حقائق القرآن : شیخ عیسیٰ بن قاسم سندھی علیہ الرحمہ
- تفسیر محمدی : شیخ محمد حسن چشتی احمد آبادی علیہ الرحمہ
- تفسیر مظہری : قاضی ثناء اللہ عثمانی پانی پتی علیہ الرحمہ
- منبع عیون المعانی : شیخ مبارک بن خضر ناگوری علیہ الرحمہ
- زبدۃ التفاسیر : شیخ معین الدین بن خواجہ محمود نقش بندی کشمیری علیہ الرحمہ
- زبدۃ التفاسیر للقد ماء المشاہیر : شیخ الاسلام بن قاضی عبد الوہاب گجراتی علیہ الرحمہ

- ثواقب التنزیل : شیخ علی اصغر بن شیخ عبد الصمد قنوجی علیہ الرحمہ
- فضل المنان : علامہ فیض احمد اویسی محدث بہاول پوری علیہ الرحمہ
- امداد الکرم : علامہ محمد امداد حسین پیر زادہ حفظہ اللہ

فارسی تفاسیر:

- تفسیر مفیض المحبت و مورث المعرفت : میر عبد الواحد بلگرامی علیہ الرحمہ
- تفسیر بحر مواج : قاضی شہاب الدین دولت آبادی علیہ الرحمہ
- تفسیر امینی : شیخ محمد امین صدیقی علیہ الرحمہ
- تفسیر عزیزی : علامہ شاہ عبد العزیز محدث دہلوی علیہ الرحمہ
- معدن الجواہر : ملا ولی اللہ ابن ملا حبیب اللہ فرنگی محلی علیہ الرحمہ
- مواہب الرحمن : مولانا غلام محمد اسلمی شافعی مدراسی علیہ الرحمہ
- تفسیر صدیقی : حضرت خواجہ غلام صدیق شہداد کوٹی علیہ الرحمہ
- معالمات الاسرار فی مکاشفات القرآن : مولانا حکیم سید محمد حسن صاحب امروہوی علیہ الرحمہ

سندھی تفاسیر:

- تسہیل القرآن : علامہ مخدوم اللہ بخش عباسی علیہ الرحمہ
- تفسیر فاضلین : مولانا سید محمد فاضل شاہ کاظمی علیہ الرحمہ
- خزائن العرفان : الحاج رحیم بخش قمر لاکھو علیہ الرحمہ
- تفسیر جلالی : مولانا سید محمد ناصر جلالی علیہ الرحمہ
- تفسیر متعلوی : حضرت عزیز اللہ متعلوی علیہ الرحمہ

منظوم تفاسیر:

- تفسیر نبوی (پنجابی) : مولانا نبی بخش حلوائی علیہ الرحمہ
- تنویر القرآن (اردو) : مولانا کیف الحسن قادری حفظہ اللہ

دیگر:-

۱۔ شیخ غلام نقش بند گھوسوی ثم لکھنوی علیہ الرحمہ:

● تفسیر انوار القرآن، ● تفسیر سورۂ اعراف، ● تفسیر سورۂ مریم، ● تفسیر سورۂ طہٰ، ● تفسیر سورۂ یوسف، ● تفسیر سورۂ رحمن، ● تفسیر سورۂ عم، ● تفسیر سورۂ کوثر، ● تفسیر سورۂ اخلاص

ب۔ علامہ حبیب اللہ نعمانی علیہ الرحمہ:

● حبیب التفاسیر المعروف بہ تفسیر نعمانی، ● تفسر سورۂ والضحیٰ، ● تفسیر سورۂ یٰسین، ● تفسیر سورۂ فاتحہ، ● تفسیر ہفت سورہ

ت۔ مولانا محمد عبید اللہ النہرکاریزی حفظہ اللہ:

● نقیب التفاسیر (۱۴ جلدیں، مطبوعہ، پشتو)، ● تفسیر الاعظمین (۴ جلدیں، مطبوعہ)، ● تفسیر نقیبی (۲ جلدیں)، ● تفسیر سورۃ الفاتحہ، ● نور التفاسیر، ● نور الایمان من ضیاء القرآن، ● السند العظیم للقرآن الکریم، ● احکام الرحمن

مرتب: محمد سلیم انصاری ادروی

(صدر: اقرأ لائبریری ادری، مئو)

۱۶ نومبر سنہ ۲۰۲۱ء